القرآن | مرتب: جناب فرخ احمد صاحب۔ مقامِ اشاعت: امین پور بازار لائل پور۔ چندہ سالانہ ۵ روپے۔ فی پرچہ ۸ آنے۔

یہ رسالہ عام لوگوں کو قرآنی تعلیمات سے روشناس کرانے کا مقصد رکھتا ہے۔ ابھی کوئی تفصیلی رائے عرض کرنا مشکل ہے۔ سرورق کو دیکھ کر جو توقع ہوتی ہے اس پر اندرونی اوراق کا طباعتی معیار پورا نہیں اترتا۔

فردوس کی راہ | مرتبہ: منور سلطانہ روحی۔ ناشر: ادارۂ خواتین لاہور۔ قیمت ۲ روپے ۱۲ آنے۔ طباعتی معیار بہت اچھا۔

اس سے پہلے "فردوس کی راہ" کے نام سے خواتین کے مطالعہ کے لیے ایک مجموعۂ مضامین .... برسرِعام آچکا ہے اور اس حلقے کی مقبول ترین کتابوں میں سے ہے۔ اسی نقشے پر یہ دوسرا مجموعہ سامنے آیا ہے جو "ادارۂ خواتین" کی پیش کش ہے۔ اکتالیس مضامین ہیں جن میں سے بیشتر خواتین ہی کے نتائج کاوش ہیں۔ مردوں کی لکھی ہوئی دو ایک ہی چیزیں ان میں ہیں۔ کتاب ایک دلچسپ رنگارنگی کو پیش کرتی ہے مضامین کا اسٹائل ادبی اور افسانوی ہے، لیکن معنوی لحاظ سے ان کا فکری جوہر ٹھیک اسلامی ہے جو آج پاکستان کی مسلم خواتین کی اولین ضرورت ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ کتاب اپنے حصۂ اول کی طرح اپنی جگہ خود پیدا کرے گی۔ اور خود "ادارۂ خواتین" کے تعارف کا حلقہ وسیع ہوگا۔

دعوت الفطرت | از جناب محمد عطاء اللہ سلفی دار العربیہ، بنگلور۔ قیمت درج نہیں۔

صاحبِ کتاب ایک دردمند دل رکھتے ہیں، یہ بھی واضح ہے کہ اعتصام بالکتاب والسنۃ آپ کا مسلک ہے، صحیح عقائد کی آبیاری چاہتے ہیں، فتنہ جو نہیں، مناظرہ پسند نہیں، اس لیے ان کی باتیں ہر حال میں اس قابل ہیں کہ ان کو توجہ سے پڑھا جائے اور جتنا ممکن ہو استفادہ کیا جائے۔ کتاب کا طباعتی معیار بلحاظ اوسط بہت اچھا ہے۔

منتخب نظمیں | مرتبہ: کوثر نیازی۔ شائع کردہ: مکتبۂ چراغِ راہ کراچی۔ قیمت ۸؍

آج سے چند برس پہلے ہمارے ملک میں شعر و ادب کی دنیا کے دروازے اسلامی فکر کے لیے بند تھے۔ لیکن یہ فکر معاً بیدار ہوئی اور اس نے زندگی کے ہر گوشے میں اپنے حقوق طلب کیے۔ چنانچہ آج ہماری شاعری نے